36637 ـ خود توحج نہیں کیا لیکن والدین کےحج میں تعاون کررہا ہے

سوال

کیا کسی انسان کے لیے جائز ہے کہ پہلے خود حج کرنے کی بجائے اپنے والدین کوحج کے لیے بھیجے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہرآزاد ، عاقل بالغ اورحج ادا کرنے کی استطاعت رکھنے والے مسلمان شخص پرعمربھر میں ایک بارحج کی ادائیگي فرض ہے ، اوروالدین سے حسن سلوک اورنیکی کرنا اوران کی واجب کی ادائیگي میں حسب استطاعت معاونت کرنا مشروع ہے ۔

لیکن اگرآپ سب اکٹھے حج نہیں کرسکتے توآپ کوچاہیے کہ پہلے خود حج کریں اورپھراپنے والدین کا حج کرنے میں تعاون کریں ، اوراگرآپ پہلے والدین کوحج کروانے میں تعاون کرتے ہیں توان کا حج صحیح ہوگا ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .